© rasailojaraid.com



العلم ویثبت الجھل ویشرب الخمر ویظھر الزنا......(رواہ المسلم)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کی علامات میں سے یہ بھی ہے کہ علم اٹھ جائے گا، جہالت عام ہوگی، مے نوشی اور زنا کاری بڑھ جائے گی......فنعوذ باللہ منہا

اللہ رب العزت انتقال فرمانے والے علماء کے درجات بلند فرمائے اور باقی رہنے والوں کی قدر کی ہمیں توفیق ارزانی فرمائے (آمین)

## مجلّہ کی اشاعت میں تاخیر یا تدبیر؟

بعض احباب کی جانب سے خطوط اور فون آرہے ہیں کہ اپریل کے بعد سے اب تک مجلّہ فقہ اسلامی کا کوئی شمارہ نہیں ملا...... جبکہ ہم نے اس تاخیر کی تلافی سوا چار سو صفحات پر مشتمل حرمت تکفیر مسلم نمبر کی صورت میں کردی ہے......قارئین کی یاددہانی کے لئے گزارش ہے کہ ہم نے دسمبر ۲۰۰۸ کے شمارہ میں یہ بات عرض کردی تھی کہ وقیع علمی مقالات کی عدم دستیابی اور اہل قلم کی جانب سے فقہ المعاملات پر کم توجہ کے سبب مجلّہ ہر ماہ شائع کرنا ممکن نظر نہیں آرہا، اور اگر یہی صورتحال رہی تو اسے سہ ماہی کرنا پڑے گا......چنانچہ اس امید کے ساتھ کہ مقالات آنے لگیں گے، فی الحال یہ تدبیر اختیار کی گئی ہے کہ جب مطلوبہ مقالات آجائیں مجلّہ کا شمارہ تیار کردیا جائے......بنا بریں سابقہ شمارہ مئی تا ستمبر کا مشترکہ شمارہ تھا۔ ہماری اہل علم سے درخواست ہے کہ وہ فقہی معاملات ومسائل پر مبنی اپنے مقالات اشاعت کے لئے ارسال فرمائیں۔

## قارئین ومقالہ نگار حضرات سے گزارش

بعض احباب ہمیں، اخلاقیات، فضائل ومناقب اور اعراس بزرگان دین کی مناسبت سے مضامین، اشتہارات اور بعض مقامات وشخصیات سے جذباتی وابستگی کی مظہر تحریریں اشاعت کے لئے ارسال فرماتے ہیں۔ جبکہ اس مجلّہ کا موضوع فقہ المعاملات ہے۔ لہذا براہ کرم ہمیں فقہ المعاملات سے متعلق مواد ہی اشاعت کے لئے ارسال فرمائیں۔ یاد رہے کہ مجلّہ فقہ اسلامی عوامی پرچہ نہیں بلکہ فقہ المعاملات سے دلچسپی رکھنے والے طلبہ و اہل علم کا ایک علمی وتحقیقی مجلّہ ہے اس کے اس معیار کو مزید بہتر بنانے کے لئے معیاری مقالات کی ترسیل کی صورت میں آپ کی معاونت ہمارے لئے باعث افتخار ہوگی۔ (مجلس ادارت)

☆اترکوا قولی بخبر الرسول ﷺ☆ حدیث شریف کے مقابل میرے قول کو چھوڑ دو (ابوحنیفہ)☆

© rasailojaraid.com